# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 10 اکتوبر 2024ء بمطابق 06 ربیع الثانی 1446 ہجری صبح گیارہ بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

**اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔**

**وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَہُمَا فَاِنْ بَغَتْ اِحْدٰىہُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰى تَفِیْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰہِ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَہُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ○ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۔**

(ترجمہ): اور اگر مومنوں میں سے کوئی دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرادو۔ اور اگر ایک فریق دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع لائے۔ پس جب وہ رجوع لائے تو وہ دونوں فریق میں مساوات کے ساتھ صلح کرادو اور انصاف سے کام لو۔ کہ خدا انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرادیا کرو۔ اور خدا سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاک اللہ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ۔

## ضلع خیبر میں ناخوشگوار واقعہ پہ تشکیل کردہ خصوصی کمیٹی کی تنسیخ کے لئے تحریک کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Minister for Law, to please move the motion for withdrawal of the Special Committee constituted yesterday, Minister for Law, please.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون و خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ۔

I wish to move that the motion for constitution of a Special Committee on the incident that took place in the district Khyber.

جناب سپیکر: Withdrawal پہلے Withdrawal، پہلے Withdrawal۔

Minister for Law: As adopted by the House in its sitting on the 9th October, 2024, be withdrawn.

Mr. Speaker: The motion moved by the honourable Member for the withdrawal of the Special Committee, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The motion is adopted.

(Applause)

## پورے ایوان پر مشتمل خصوصی کمیٹی کی تشکیل اور اسمبلی چیمبر کو کمیٹی کی کارروائی کے لئے استعمال کرنا

Mr. Speaker: Minister for Law, to please move the motion to constitute the Special Committee of the whole House. Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I wish to move under rule 194 that this august House may constitute itself into a Special Committee of the whole House, to consider the recent incident in district Khyber. The committee shall be presided over by the Member nominated by the Speaker. I further move that under rule 240, rule 245 may be suspended and the use of the Assembly Chamber be permitted for the Committee's meeting. Thank you.

Mr. Speaker: The motion moved by the honourable Minister for constituting the Special Committee comprising the whole House under rule 194 and suspension of rule 245 under rule 240 for the use of the Assembly Chamber, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The motion is adopted.

معزز اراکین! یہ جو واقعہ خیبر میں ہوا، یہ بڑا دلخراش واقعہ تھا، اس میں ہمارے پشتون بچے شہید ہوئے، فیڈرل گورنمنٹ نے پی ٹی ایم کو Ban کیا، یہ پشتون جرگہ تھا۔ دونوں چیزوں میں ایک Difference ہے، پشتون جرگے میں ہر پارٹی سے اور ہر پشتون قبیلے سے بچے اور لوگ اس میں شامل ہیں۔ کل اس ہاؤس نے، اپوزیشن اور

گورنمنٹ دونوں بینچز کی طرف سے بڑی اچھی باتیں ہوئیں، ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، پھر رات کو دوبارہ فیصلہ ہوا کہ چونکہ یہ بہت اہم واقعہ ہے تو اس میں وفاق کو بھی Onboard لیا گیا، لیڈر آف دی ہاؤس آنریبل چیف منسٹر کے نیچے ایک نئی کمیٹی Constitute کرنے کا عندیہ دیا گیا جو کہ آج اللہ کے فضل و کرم سے اس ہاؤس نے Approve کر دیا اور وہ Constitute ہو گئی ہے۔ لیڈر آف دی ہاؤس چیف منسٹر جو ہیں وہ Lead کریں گے اور یہ پورا ہاؤس ایک کمیٹی ہو گی جو اپنے صوبے کے لوگوں کے حقوق کے لئے وفاق کے ساتھ اور وفاقی اداروں کے ساتھ مل کر اس صوبے کی صورتحال کو بہتری کی طرف لائے گی۔ آپ سب کا بہت شکریہ۔

The sitting is adjourned till 03:00 pm, Friday, 11th October, 2024.

---

(اجلاس بروز جمعتہ المبارک مورخہ 11 اکتوبر 2024ء بعد از دوپہر تین بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)